# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عمرانہ مقصود

دوسری جماعت کے لئے



ٹیچر کیلئے نوٹ

عام طور پر بچے ایک کھیل کھیلتے ہیں جس کو انہوں نے نام'' چڑیا اڑی'' دے رکھا ہے۔ اس کھیل سے بظاہر یہ مطلب ہے کہ جو چیز اڑنے والی ہے بچے اسے نہ اڑنے والی چیز سے علیحدہ کر سکیں۔ کھیل یوں ہوتا ہے کہ بچے ان جانوروں کے نام لیتے ہیں جو اڑ سکتے ہیں۔ ہر اڑنے والے جانور کے نام پر ہاتھ اٹھاتے ہیں۔ اور اسی درمیان میں ایک ایسے جانور کا نام لے لیا جاتا ہے جو نہیں اڑ سکتا۔ مگر چونکہ بچے باری باری ہر جانور پر ہاتھ اٹھا رہے ہیں کبھی کبھی وہ غلطی سے نہ اڑنے والے جانور کے نام کے ساتھ بھی ہاتھ اٹھا لیتے ہیں۔ اس طرح گروپ میں جو غلط ہاتھ اٹھاتا ہے وہ آؤٹ ہو جاتا ہے۔

اس کتاب میں کودنے والے، اڑنے والے، تیرنے والے، رینگنے والے اور دوڑنے والے جانوروں سے تعارف کروایا گیا ہے۔ کتاب کے ہر حصے میں ایک جانور کا نام غلط لسٹ میں لکھ دیا گیا ہے۔ جسے سنتے ہی یا پڑھتے ہی بچے چونک جائیں گے۔ اور وہ بہ آسانی odd one out کر سکیں گے۔ اگلے صفحے پر odd one کی خصوصیات بھی لکھ دی گئی ہیں۔ اس طرح ٹیچر کچھ ہی دیر میں پندرہ مختلف جانوروں سے بچوں کی دوستی کرا سکتی ہیں۔

اسی کھیل کو سبق کی شکل دے کر بچوں کو اڑنے والے، دوڑنے والے، کودنے والے، تیرنے والے اور رینگنے والے جانوروں سے متعارف کروایا گیا ہے۔

- اس ٹیچر گائیڈ کو لکھتے وقت دوسری جماعت کے بچوں کو ذہن میں رکھا ہے۔ ٹیچر چاہیں تو اس گائیڈ میں بچوں کی ذہنی سطح کا اندازہ کرتے ہوئے اور ان کے interest level کو دیکھتے ہوئے سبق میں تبدیلیاں کر سکتی ہیں۔

## سیشن 1

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم جو سبق شروع کر رہے ہیں وہ ایک کھیل ہے۔ کھیل کے ذکر پر بچوں کی کتاب میں دلچسپی بڑھ جائیگی۔

| | | |
|---|---|---|
| 10منٹ | • | ان سے کہئے کہ کتاب کا صفحہ نمبر 1 کھولیں۔ ٹیچر صفحہ نمبر 1 پڑھیں اور بچوں سے کہیں کہ صرف کودنے والے جانور پر ہاتھ اونچا کریں۔ |
| | • | پھر ٹیچر کتاب سے ہٹ کر جانوروں کے نام بتائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ صرف کودنے والے جانور پر ہاتھ اٹھائیں۔ بکری، کتا، خرگوش، بلی، ہرن، بھینس، جگنو، چوہا، شیر، وہیل (whale) سانپ، چیتا، مینڈک (frog)۔ |
| | • | اب بچوں سے کہیں کہ آپ نام لیں گی، ان میں سے جو چیز اڑتی ہے اس پر بچے ہاتھ اٹھائیں۔ مثلاً، گھوڑا، بھیڑ، کوا، گائے، مکھی، چیل، کبوتر، بندر، بھالو، چیونٹی۔ |
| | • | اس طرح صفحہ نمبر 5 کا کھیل کیجئے۔ کھیل ہی کھیل میں کتاب کی پوری پڑھائی کروادیں۔ اس طرح بچے 15 جانوروں سے متعارف ہوجائیں گے۔ |
| 20منٹ | • | اب 15-20 جانوروں کے نام ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے باری باری ہر جانور کے ساتھ ایک جملہ بنانے کو کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ جملے اچھے اور مزیدار بنائیں۔ مثلاً، ''میرے پاس ایک بندر ہے اس کا نام جیکی ہے'' یا ''کتے بڑی شوق سے کھاتے ہیں'' ''ایک دن میری بلی درخت پر چڑھ گئی'' وغیرہ وغیرہ۔ جب بچے جملہ بنائیں تو ٹیچر اس کو بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ جملے اپنی کاپیوں میں اتاریں۔ |
| 15 منٹ | • | اب ٹیچر 6-8 بچوں کو بلاکر reading کروائیں۔ چھوٹے بچوں کو شاید پڑھنے میں دشواری ہوگی۔ اس حالت میں ان کی ضرور مدد کریں۔ اس کے بعد بچوں سے باری باری پوچھیں کہ جن جانوروں کا ذکر کتاب میں کیا گیا ہے ان کے رنگ کیا ہوتے ہیں۔ |

## سیشن 2

| | | |
|---|---|---|
| 20منٹ | • | پہلے 6-8 بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ اس کے بعد کتاب میں جن جانوروں کے |

نام ہیں ان کی کاپی میں پہلے توڑ کر وائیں پھر جوڑ ۔مثلا

| | |
|---|---|
| ہ + ر + ن = | ہرن |
| خ + ر + گ + و + ش = | خرگوش |
| گ + ا + ئے = | گائے |
| چ + ڑ + ی + ا = | چڑیا |
| گ + ی + ن + ڈ + ا = | گینڈا |

- جب بچے ان جانوروں کے نام لکھ چکے ہوں تو پھر ہر بچے سے باری باری پوچھیں کہ ان جانوروں کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟ ٹیچر ان کے نام کے ساتھ ان کی انگریزی بورڈ پر لکھتی جائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ساتھ ساتھ اپنی کاپیوں پر بھی انگریزی کے نام لکھتے جائیں۔

25 منٹ

اب بچوں سے باری باری باتیں کریں۔ سب کو ایک دفعہ بولنے سے روکیں اور کہیں کہ ایک دفعہ میں ایک بچہ بولے گا۔

- پالتوجانور کا کیا مطلب ہے؟
- آپ کے گھر میں ایسا کوئی جانور ہے؟
- جانوروں سے پیار کیوں کرنا چاہیئے؟
- دودھ پینے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟
- اچھے لوگ جانوروں سے کیسا برتاؤ کرتے ہیں؟
- کیا آپ نے چڑیا گھر کی سیر کی ہے؟
- جانور جنگل میں خوش کیوں رہتے ہیں؟
- اگر وقت بچ جائے تو ٹیچر خود بچوں کو جانوروں کے بارے میں کوئی نئی بات بتائیں یا کوئی کہانی سنائیں۔ ان سوالوں کے دوران بچے بہت سے سوالات خود بھی کریں گے۔ ان کو بھی ٹیچر اس طرح لیں جیسے کہ وہ بھی کلاس discussion کا حصہ ہیں۔ مثلا ایک بچہ یہ سوال

کر سکتا ہے کہ میری اماں مجھے خرگوش نہیں پالنے دیتیں۔ وہ کہتی ہیں کہ ہمارا گھر بہت چھوٹا ہے۔ ٹیچر بتائیں کہ چھوٹے گھر میں خرگوش کیوں نہیں پالا جاسکتا۔

- اگر مندرجہ بالا تمام سوالات ایک دفعہ میں کلاس میں نہ ہوسکیں۔ تو انہیں اگلے سیشن میں بات چیت میں شامل کر لیں۔

نوٹ

- اگلے دن ٹیچر کلاس میں بھیڑ یا بکری کا بچہ یا ایک بلی لے کر آئیں۔

## سیشن 3

10 منٹ

- آج جب ٹیچر بھیڑ یا بکری کا بچہ لائیں گی تو بچے بہت ہی خوش ہوں گے۔ سب بچوں کو باری باری اپنے پاس بلائیں اور انہیں ان کے ہاتھ میں جانور کا بچہ دیں۔ اگر کوئی بچہ لینا نہ چاہے اور صرف چھونا چاہے تو وہ بھی صحیح ہے۔

25 منٹ

- جب بچے یہ کھیل تماشا کرلیں تو پھر ان سے کہیں کہ آیئے ہم دیکھتے ہیں کہ اس جانور کے کون کون سے مختلف حصے ہیں۔ مختلف بچوں سے ایک ایک حصے کا نام بتانے کو کہیں۔ جو آپ بورڈ پر دائیں ہاتھ کو اردو میں لکھتی جائیں (مثلا' پاؤں' سر' دم' کان' ناک' پیٹ' چمڑا' بال' آنکھیں ۔ اگر بچے سارے جزو کا نام نہ بتاسکیں تو ٹیچر ان کو اور نام بتائیں اور بورڈ پر لکھتی جائیں۔ ساتھ ساتھ بچے بھی کاپی میں لکھتے جائیں۔ جب سارے نام مکمل ہوجائیں تو پھر ٹیچر فرداً فرداً بچوں سے ہر ایک جزو کی انگریزی پوچھیں۔ کچھ بچے بتاسکیں گے کچھ نہیں بتا سکیں گے تو ٹیچر ان کی مدد کریں اور انگریزی کے لفظ اردو کے لفظ کے ساتھ بائیں طرف لکھتی جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بھی ان الفاظوں کو اپنی اپنی کاپیوں میں اتارتے جائیں۔ ٹیچر ان کی کاپیاں جمع کرکے گھر لے جائیں تاکہ اگر کسی بچے نے اردو کی یا انگریزی کی غلطی کی ہے تو اس کی تصحیح کردیں اور جن کی غلطیاں نہیں ہیں ان کی

کاپیوں پر very good یا good ضرور لکھیں۔

- اگر وقت بچا ہے تو جانور کے بچے کو دوبارہ گود میں لیں اور بتائیں کہ جانور کتنے پیارے ہوتے ہیں۔ ان سے ہمیں انسان کی طرح محبت کرنا چاہیئے اور خیال رکھنا چاہیئے پھر بچوں سے پوچھیئے کہ یہ جانور کیا کھاتا ہے۔ گھاس پودے وغیرہ ۔ پھر ان سے پوچھیئے کہ وہ کیا نہیں کھاتا ہے۔ — 10 منٹ

## سیشن 4

- آج بچوں سے کہئے کہ وہ سفید کاغذ پر ہرن، خرگوش اور گائے کی تصویریں بنائیں اور ان میں رنگ بھریں ۔ تصاویر مکمل ہونے پر ٹیچر انہیں کلاس میں display board پر نمایاں کریں۔ — 45 منٹ

## سیشن 5

- جن بچوں نے اب تک کتاب کی پڑھائی نہیں کی ہے ان کو اپنے پاس بلاکر ان سے پڑھائی کروائیں۔ اگر کسی بچے کو دشواری ہو تو اس کی ضرور مدد کریں۔ — 10 منٹ
- ٹیچر بچوں سے اڑنے والے جانوروں کا تعارف کروائیں۔ چڑیوں کی مختلف قسمیں اور مکھیوں کے مختلف نام بھی بتائیں۔ — 20منٹ
- اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ مختلف پرندوں کے نام لکھیں۔ ٹیچر پہلے بورڈ پر لکھ دیں۔ پھر ان الفاظ کی توڑ جوڑ بھی بورڈ پر لکھیں اور باری باری بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی جگہ پر

| | | |
|---|---|---|
| | | کھڑے ہوکر اس لفظ کی ہجے کریں اور لفظ بنائیں۔ یہ کام زبانی ہوگا۔ |
| 15 منٹ | • | اڑنے والے پرندوں اور کیڑوں میں بہت سے پرندے اور کیڑے یا تو harmless / بے ضرر ہوتے ہیں یا ہمارے لئے فائدہ پہنچاتے ہیں۔لیکن ان میں زیادہ مفید غالبًا شہد کی مکھی ہے۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کس کو معلوم ہے کہ شہد کی مکھی کیسے شہد بناتی ہے۔ (مثلاً ' پھولوں سے nector اکٹھا کرتی ہے' پھر اپنے ''تھوک'' سے جو موم ہوتا ہے اس سے چھتا بناتی ہیں اور اس میں اکٹھا کئے ہوئے nector جمع کرتی ہیں۔ بچوں کو بتانے کا موقع دیں اور ان کی بات غور سے سنیں۔ اگر بچے پوری بات نہ بتا پائیں تو ٹیچر ان کو تفصیل سے بتائیں۔ |

# کون کودا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale